باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | Member AKNS
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | جمعۃ المبارک 25 اپریل 2025ء، 26 شوال 1446ء، 12 بیساکھ 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 01

آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں بھارت مخالف ریلیاں، افواج پاکستان کے شانہ بشانہ لڑنے کا عزم

مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی علاقہ پہلگام میں حملہ ڈرامہ قرار، الزام پاکستان اور آزاد کشمیر پر لگانے اور کسی بھی طرح کی جارحیت، سازشوں کے خلاف راہ ہموار کرنے کے بھارتی عمل کی شدید الفاظ میں مذمت

مقبوضہ جموں وکشمیر اس وقت فلیش پوائنٹ بن چکا ہے جہاں دوایٹمی طاقتیں آمنے سامنے ہیں اور بھارت کی جانب سے کسی بھی غیر ذمہ دارانہ اقدام کے انتہائی خطرناک ترین نتائج نکل سکتے ہیں

ہندوستان کی قابض افواج نے لائین آف کنٹرول کی دراندازی کرنے کی کوشش کی تو پاکستان کشمیر کا ہر شہری افواج پاکستان کے ساتھ مل کر ہندوستان کی قبریں بنا دے گا، مظاہرین کا ریلیوں سے خطاب

راولاکوٹ / مظفرآباد / اسلام آباد (دھرتی نیوز) مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی علاقہ پہلگام میں مبینہ حملے میں متعدد افراد کی ہلاکتوں کے بعد بھارت کی جانب سے الزام پاکستان پر لگائے جانے اور گزشتہ روز بھارتی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان مخالف فیصلوں کے خلاف آزاد کشمیر سمیت ملک (بقیہ 08 صفحہ 03)

ہجیرہ (دھرتی نیوز) تحصیل ہجیرہ میں سول انتظامیہ کی جانب سے ایک بڑی ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں مقامی افراد اور سول (بقیہ 11 صفحہ 03)

پلندری (پی آئی ڈی) ضلع سدھنوتی کے ہیڈکوارٹر پلندری میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں حالیہ دہشتگردی کے (بقیہ 12 صفحہ 03)

حویلی کہوٹہ (پی آئی ڈی) بھارت کی فلاپ فلم پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے خلاف ڈسٹرکٹ حویلی کہوٹہ میں احتجاجی ریلی نکالی (بقیہ 13 صفحہ 03)

انسداد دہشت گردی ڈرگ و کنزیومر کورٹس معاملے کی جلد یکسوئی پر زور

جوڈیشل کمپلیکس کے منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے حوالہ سے وقتاً فوقتاً احکامات صادر فرمائے اور راہنمائی کرتے رہے

مختلف اضلاع و تحصیل ہا جن میں عدالت ہا کی فوری ضرورت ہے اُس کی فراہمی کے لیے اقدامات اٹھائیں گے، چیف جسٹس

مظفرآباد (پی آئی ڈی) چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر عدالت العالیہ جسٹس صداقت حسین راجہ نے سینئر جج عدالت العالیہ جسٹس سردار لیاقت حسین، جج عدالت العالیہ جسٹس سید شاہد بہار، جسٹس محمد اعجاز خان اور جسٹس خالد رشید چوہدری کے ہمراہ نو تعمیر شدہ ڈسٹرکٹ جوڈیشل کمپلیکس مظفرآباد کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر چیف جسٹس عدالت العالیہ نے ججز کے ہمراہ جوڈیشل کمپلیکس مظفرآباد کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور عدالت (بقیہ 07 صفحہ 03)

آزاد کشمیر کی جامعات کو درپیش مسائل کے حل کی یقین دہانی

میرٹ کو صاف وشفاف بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اُٹھائے جائیں، صدر

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر جامعات بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی زیر صدارت یونیورسٹی آف کوٹلی کا اکیسواں سینٹ اجلاس ایوان (بقیہ 09 صفحہ 03)

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر جامعات بیرسٹر سلطان محمود کی زیر صدارت اجلاس

شمالی کشمیر میں 4 کشمیری نوجوان گرفتار

سری نگر (کے پی آئی) شمالی کشمیر کے بارہمولا ضلع میں 4 کشمیری نوجوانوں کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا ہے جن پر بھارت مخالف سرگرمیوں کا الزام ہے۔ گرفتار ہونے والوں میں (بقیہ 10 صفحہ 03)

اسرائیلی فوج کے حملوں میں تیزی، مزید 45 فلسطینی شہید

نصیرات کیمپ میں اسرائیلی بمباری، 13 افراد شہید، غنڈہ گردی کا سلسلہ جاری

غزہ (صباح نیوز) الجزیرہ ٹی وی کے مطابق غزہ میں اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں 45 فلسطینی شہید ہوگئے 100 سے زیادہ زخمی ہیں۔ غزہ میں اسرائیلی فورسز نے پناہ گزینوں کے کیمپوں پر وحشیانہ بمباری کی، نصیرات کیمپ میں اسرائیلی بمباری میں تین بچوں سمیت 13 افراد شہید ہوئے (بقیہ 14 صفحہ 03)

بھارتی جارحیت نے قابض و محافظ فوج کی پہچان کروا دی

وزیر اعظم آزاد کشمیر

ہمارے پرچم کے پیچھے پاکستان کے پرچم کی طاقت ہے ورنہ ایل او سی کے پار آزاد کشمیر کا پرچم کہیں نظر نہیں آتا

طلبا ترجیح اول خدمت کو بنائیں، پانچ سال کی محنت کے بعد مقاصد ہونے چاہئیں ورنہ سب ضائع ہو جاتا ہے، خطاب

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ بھارت نے اگر جارحیت کرنے کی کوشش کی تو پوری کشمیری قوم سپہ سالار افواج پاکستان اور ان کے سربراہ جنرل عاصم منیر کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہوگی، بھارت آزاد کشمیر میں (بقیہ 15 صفحہ 03)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اعظم آزاد ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق نے آزاد جموں وکشمیر میڈیکل کالج کے زیر (بقیہ 16 صفحہ 03)

اسلام آباد: وزیر اعظم پاکستان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

پاک بھارت جنگ کے خطرات میں اضافہ فورسز ہائی الرٹ

بھارت سے تجارت، واہگہ بارڈر، فضائی حدود فوری بند، پانی روکنا اعلان جنگ تصور کیا جائیگا، جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، این ایس سی اجلاس کے دوران بھارتی اقدامات پر آٹھ بڑے جوابی فیصلے

بھارتی ہائی کمیشن میں سفارتی عملے کو 30 ارکان تک محدود کرنے کے علاوہ بھارتی دفاعی، بحری اور فضائی مشیروں کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے کر پاکستان چھوڑنے کا حکم، بھارتی شہریوں کے ویزے منسوخ

بھارت کی جانب سے جاری ریاستی جبر، ریاست کا درجہ ختم کرنے، سیاسی اور آبادیاتی تعصبات کی وجہ سے مقبوضہ کشمیر کے عوام کی جانب سے مسلسل ایک نامیاتی ردعمل سامنے آیا ہے، قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس

پاکستان کی جانب سے بھارت کی بارڈر سیکیورٹی فورس کے ایک بھارتی فوجی کانسٹیبل پی کے سنگھ کی گرفتاری، تلاشی کے دوران رائفل، گولیاں، میگزین سمیت دیگر اشیا بھی برآمد، تفتیش کیلئے نامعلوم مقام پر منتقل

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں بھارت کے خلاف قرارداد بھی منظور، کشمیری روز اول سے دل وجان سے پاکستان کے استحکام کے خواہاں رہے ہیں، اسپیکر اسمبلی، وزیر اطلاعات و دیگر کا خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے قومی سلامتی کمیٹی کے اہم اجلاس میں بھارت سے ہر قسم کی تجارت، واہگہ بارڈر اور فضائی حدود بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور کہا ہے کہ پانی روکنا اعلان جنگ تصور کیا جائیگا اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ دفتر وزیر اعظم کی جانب سے (بقیہ 01 صفحہ 03)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) اسپیکر چوہدری لطیف اکبر کی زیر صدارت قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں گزشتہ روز مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام کے مقام پر بھارتی فالس فلیگ آپریشن کے نتیجے میں ہندوستانی اقدامات پر ممبران اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ قراردادوں پر اظہار خیال (بقیہ 02 صفحہ 03)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مولانا پیر محمد مظہر شاہ نے کہا ہے کہ ہندوستان کا "مکر" جس کو دنیا فالس فلیگ آپریشن کا نام دیتی ہے ہمارے لئے کوئی نئی بات نہیں۔ قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ بھارت کی جانب سے کسی بھی قسم کی جارحیت کا (بقیہ 03 صفحہ 03)

ہماری سرزمین کسی دہشت گردی کیلئے استعمال نہیں ہوئی، یعقوب خان

بھارت پاکستان یا آزاد کشمیر پر حملہ کرنا چاہتا ہے تو مسلح افواج، کشمیریوں کی موجودگی میں یہ اسکی آخری غلطی ہوگی

بھارت صرف الزامات تک محدود نہیں رہا، بلکہ اس نے حالیہ دنوں میں جارحیت کی کئی نئی حدیں پار کی ہیں، تنقید کا اظہار

اسلام آباد (دھرتی نیوز) سابق صدر و وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر پارلیمانی لیڈر پاکستان پیپلز پارٹی ممبر قانون ساز اسمبلی سردار محمد یعقوب خان نے کہا ہے کہ پہلگام کا افسوسناک واقع ہندوستان کی شرمناک 78 سالہ پالیسی کا تسلسل ہے جس کے تحت ہندوستان خود انسانی جانوں سے کھیل کر پاکستان کو مورد الزام ٹھہراتا ہے کشمیری پر امن ہیں اور ہندوستان کی سات لاکھ سے زائد فوج اور کنٹرول لائن پر ہندوستانی برقی باڑ کی موجودگی میں پاکستان (بقیہ 17 صفحہ 03)

پونچھ کے چاروں اضلاع کی گزیٹڈ آفیسرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری

اتحاد و اتفاق کے ذریعے ملازمین کے جائز حقوق کے حصول، ریاستی ترقی کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی

گزیٹڈ آفیسرز ایسوسی ایشن پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ریاستی دفاع کیلئے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی، مقررین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پونچھ ڈویژن کے چاروں اضلاع راولاکوٹ، باغ، سدھنوتی اور حویلی کی گزیٹڈ آفیسرز ایسوسی ایشن کی حلف برداری کی پروقار تقریب فاریسٹ کمپلیکس راولاکوٹ میں منعقد ہوئی، جس میں منتخب باڈیز نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھایا۔ مرکزی صدر آزاد جموں وکشمیر گزیٹڈ آفیسرز ایسوسی ایشن سید یاسر گیلانی نے نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید یاسر گیلانی نے کہا کہ گزیٹڈ آفیسر (بقیہ 04 صفحہ 03)

OATH TAKING CEREMONY

پنجاب کو پولیو فری صوبہ بنانے کیلئے کوشاں ہیں، مریم نواز

بیماریوں سے بچاؤ کا سب سے موثر ہتھیار احتیاط، آگاہی ہے، وزیر اعلیٰ

لاہور (صباح نیوز) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ بیماریوں سے بچاؤ کا سب سے موثر ہتھیار احتیاط، آگاہی اور ویکسی نیشن ہے۔ والدین امیونائزیشن ویک پر اپنے (بقیہ 19 صفحہ 03)

پہلگام واقعے کی غیر جانبدارانہ اور بین الاقوامی تحقیقات پر زور

تشدد، قتل و غارت اور سویلینز کو نشانہ بنانا قابل قبول نہیں، اسپیکر آزاد کشمیر اسمبلی

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر چوہدری لطیف اکبر نے پہلگام حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلگام میں نہتے سیاحوں پر حملہ (بقیہ 18 صفحہ 03)

نئی دہلی، پاکستان کے ناظم الامور بھارتی وزارت خارجہ طلب

نئی دہلی (صباح نیوز) نئی دہلی میں پاکستان کے ناظم الامور سعد احمد وڑائچ کو بھارتی وزارت خارجہ میں طلب کر کے احتجاج ریکارڈ کرایا گیا ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارتی کابینہ کی سیکیورٹی کمیٹی اجلاس کے بعد پاکستان کے ناظم الامور سعد احمد وڑائچ کو بھارتی وزارت خارجہ میں (بقیہ 05 صفحہ 03)

پاکستان کا سرکاری ایکس ہینڈل اب بھارت میں دستیاب نہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) بھارت نے پاکستانی حکومت کے سرکاری سوشل میڈیا ایکس کے اکاونٹ کو بھی ملک میں بند کر دیا ہے جس کی وجہ سے پاکستان کا سرکاری ایکس ہینڈل اب بھارت میں دستیاب نہیں ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ 06 صفحہ 03)

پولیس کی مختلف کارروائیوں میں 7 ملزمان گرفتار، چوری شدہ اشیاء، منشیات و اسلحہ بھی برآمد

مجرم اویس عثمان ولد محمد عثمان ساکن سنگال کھیتر کو مقدمہ CNSA9B تھانہ داوتوٹ میں 2 ماہ کی سزائے قید اور 20 ہزار روپے جرمانے کی سزا

پولیس ڈونگہ چوکی کی چوروں کے خلاف بڑی کارروائی، دو چور گرفتار، موٹر سائیکل، بھینسیں، بکریاں برآمد، مقدمہ درج، ملزمان حوالات بند، تفتیش شروع

CIA سدھنوتی کی منشیات فروشوں کے خلاف زبردست کاروائی، 02 مختلف کاروائیوں کے دوران 02 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں چرس برآمد

باغ پولیس کی بروقت کاروائی کے دوران گھر سے چوری کرنے والے تینوں ملزمان گرفتار، قیمتی زیورات، نقدی برآمد، عوامی حلقوں کی زبردست تحسین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) داوتوٹ سے تعلق رکھنے والے ایک ملزم کو قید اور (بقیہ 31 صفحہ 03)

ہجیرہ (نامہ نگار) ایس ایس پی پونچھ کی خصوصی ہدایت پر پولیس ڈونگہ چوکی کی (بقیہ 32 صفحہ 03)

پلندری (دھرتی نیوز) CIA سدھنوتی کی منشیات فروشوں کے خلاف (بقیہ 33 صفحہ 03)

باغ (دھرتی نیوز) باغ پولیس نے چوری کی ایک واردات میں ملوث (بقیہ 34 صفحہ 03)

سرینگر پہلگام حملے کے بعد بھارتی فورسز کے آپریشن میں 15 سو کشمیری نوجوان گرفتار

سری نگر، اسلام آباد، کولگام، پلوامہ، شوپیاں، گاندربل اور بڈگام میں چھاپے، چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال، پکڑ دھکڑ کے عمل میں مزید تیزی

ضلع کولگام کے علاقے تنگمرگ میں آج دوسرے روز بھی تلاشی آپریشن جاری، خواتین اور بچوں سمیت مکینوں کو سخت ہراساں اور قیمتی گھریلو اشیا کی توڑ پھوڑ

سری نگر (کے پی آئی) پہلگام حملے کے بعد بھارتی فورسز نے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون آپریشن کے دوران 15 سو سے زائد بے گناہ کشمیری نوجوانوں کو گرفتار کرلیا ہے۔ بھارتی فورسز نے علاقے کا محاصرہ اور تلاشی کی کارروائیوں میں تیزی لائی ہے۔ فورسز نے سری نگر، اسلام آباد، کولگام، پلوامہ، شوپیاں، گاندربل اور بڈگام اضلاع کے مختلف علاقوں میں گھروں پر چھاپوں کے دوران سینکڑوں نوجوان گرفتار کیے۔ لوگوں کا کہنا ہے (بقیہ 20 صفحہ 03)

واصف نسیم کیس کو دین کیساتھ جوڑنا غلط عمل ہے، ترجمان پولیس

نوجوان کا کیس ہراساں کرنے اور دھمکیوں کے حوالے سے درج کیا گیا ہے

راولاکوٹ (پ ر) مورخہ 21-04-2025 کو واصف نسیم ولد محمد نسیم نامی شخص نے بوقت تقریباً ساڑھے 12 بجے دن گلیکسی پرائیڈ ہاؤسنگ سکیم راولاکوٹ گیا جہاں اکیڈمی میں (بقیہ 21 صفحہ 03)

اردن نے بھی اخوان المسلمون پر پابندی لگا دی

عمان (صباح نیوز) اردن نے اخوان المسلمون پر پابندی لگا دی ہے، اخوان المسلمون اس وقت اردن کی سب سے بڑی اپوزیشن (بقیہ 22 صفحہ 03)

کوئی بھی راستہ خطرے سے خالی نہیں ہے، کرسٹوفر کلیری

امریکہ بھی پریشان ہے اور ہوسکتا ہے کہ وہ بحران میں مدد کرنے کیلئے تیار نہ ہو

واشنگٹن (صباح نیوز) پاکستان بھارت کشیدگی کے تناظر میں جنوبی ایشیائی سیاست کے ماہرین نے کہا ہے کہ اس دفعہ بھارت کے لیے کوئی بھی راستہ خطرے سے خالی نہیں ہے۔ امریکہ (بقیہ 23 صفحہ 03)

تیل کی عالمی قیمتوں میں تقریباً 2 فیصد کمی

لندن (صباح نیوز) تیل کی عالمی قیمتوں میں تقریباً 2 فیصد کی واقع ہوئی ہے۔ برینٹ کروڈ فیوچر 1.14 ڈالر یا 1.69 فیصد کی کمی سے 66.30 ڈالر پر بند ہوا جبکہ امریکی ویسٹ (بقیہ 24 صفحہ 03)

بھارتی پروپیگنڈا مسترد، بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، اعجاز یوسف

اس بار انڈیا کو چائے پیش کرنے کے بجائے انہیں پانی تک بھی نہیں پوچھا جائے گا اور بھرپور سبق سکھایا جائے گا

سرینگر کے سیاحتی مقام پر پیش آنے والے واقعہ سے پاکستان، آزاد کشمیر، راولاکوٹ کا کوئی تعلق نہیں، پریس کانفرنس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق صدارتی مشیر و مرکزی رہنما مسلم لیگ ن سردار اعجاز یوسف نے 2 روز قبل مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں نامعلوم افراد کی جانب سے حملے میں تقریباً 28 کے قریب افراد کی ہلاکتوں کے بھارتی دعوے اور اس کا الزام پاکستان، آزاد کشمیر پر لگائے جانے (بقیہ 25 صفحہ 03)

GHAZI-E-MILLAT PRESS CLUB

ڈیزاسٹر مینجمنٹ کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر قرار

این ڈی ایم اے، صوبائی اتھارٹیز معاونت کریں، سیکرٹری ایس ڈی ایم اے

اسلام آباد (پی آئی ڈی) سیکرٹری سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی محترمہ تہذیب النساء نے سعید الرحمن قریشی ڈائریکٹر آپریشن اور نعمان شفیق ڈائریکٹر انتظامیہ کے ہمراہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر اسلام آباد کا دورہ کیا۔ اس دوران انہیں ایمرجنسی آپریشن (بقیہ 30 صفحہ 03)

بھارتی مکروہ ایجنڈہ کبھی کامیاب نہیں ہوگا، خدیجہ ذرین

خونریز واقعات بھارتی 8 لاکھ قابض افواج کی سیکورٹی ناکامی ہیں

مظفرآباد (دھرتی نیوز) چیئرپرسن کے زید کے فاؤنڈیشن، ممتاز علمی وسماجی شخصیت محترمہ خدیجہ ذرین خان نے کہا ہے کہ بھارت پری پلان کے تحت پہلگام (بقیہ 29 صفحہ 03)

سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے علاقے میں سیاحوں پر حملہ فلس فلیگ آپریشن ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے علاقے میں سیاحوں پر حملہ فلس فلیگ آپریشن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت بڑا اسرائیل کے خلاف (بقیہ 28 صفحہ 03)

بھارت سندھ طاس معائدہ معطل نہیں کرسکتا، ماہرین آبی امور

بھارت سندھ طاس معاہدے پر چار برسوں سے عملدرآمد روک چکا ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) آبی امور کے ماہرین نے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی کے بھارتی اعلان کو سیاسی بیان قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صرف انڈیا کی طرف سے معائدے (بقیہ 27 صفحہ 03)

بھارتی ریاستوں میں کشمیر طلبا پر انتہا پسندوں کے حملے

دہرادون میں 20 طلبا ہاسٹل چھوڑ کر فرار، جان بچانے میں کامیاب

نئی دہلی (صباح نیوز) بھارتی ریاستوں میں کشمیر طلبا پر انتہا پسند ہندوؤں کے حملے شروع ہوگئے ہیں۔ اتراکھنڈ، اتر پردیش اور ہماچل پردیش سمیت متعدد بھارتی ریاستوں میں (بقیہ 26 صفحہ 03)

اظہارِ تعزیت

یونائیٹڈ ہسپتال راولاکوٹ کے ڈائریکٹر
ڈاکٹر طفیل حسین طاہر
اور "روزنامہ کشمیر دھرتی" کے سٹاف ممبر **سردار شفقت اسلم** کے کزن
سردار محمد خان ولد محمد حسین خان
نالہ بازار راولاکوٹ
کے انتقال پر ان کے خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔
ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ
عطاء کرے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطاء فرمائے۔

منجانب:
انتظامیہ روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

"ہوٹل آئی"

آئی ٹی سی آئی جی آفس مظفرآباد میں سکیورٹی کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے میٹنگ کا انعقاد، میٹنگ کے شرکاء کو پولیس کی جانب سے بتایا گیا کہ آزاد کشمیر پولیس میں ڈیجیٹلائزیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے، گیسٹ ہاؤسز، ریسٹ ہاؤسز، ہوٹلز وغیرہ پر رہائش اختیار کرنے والے افراد کا ریکارڈ قبل ازیں مینول صورت میں مرتب کیا جاتا تھا جس سے وقت کا ضیاع اور مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں ہو پاتے تھے۔ اس مشکل کو حل کرنے کے لئے آزاد کشمیر پولیس نے ہوٹل آئی (EyeHotel) کے نام سے ایک سافٹ ویئر لانچ کیا ہے۔ جس کا مقصد آزاد کشمیر میں سیکورٹی کے نظام کو بہتر بنانا ہے۔ جس میں ریسٹ ہاؤسز، گیسٹ ہاؤسز، ہوٹلز کے USER آئی ڈیز بنائی گئی ہیں تاکہ وہ ان میں ٹھہرنے والے مہمانوں/مسافروں کا ڈیٹا بروقت فراہم ہو سکے۔ اس کے علاوہ ہوٹلز مینیجرز کو باقاعدہ آپریٹنگ ورکشاپ بھی دی گئی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رجسٹریشن کا عمل سست روی کا شکار ہے جس میں بہتری کی اشد ضرورت ہے۔

اس سافٹ ویئر کو موبائل کے ذریعہ بھی آپریٹ کرتے ہوئے آسانی سے مسافروں کا ریکارڈ درج کیا جا سکتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر استعمال کے لحاظ سے انتہائی آسان اور تیز ترین ہے۔ جملہ عہدیداران نے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی کہ کرائے پر رہائش اختیار کرنے والے مسافروں کا ریکارڈ باقاعدگی سے سافٹ ویئر پر درج کیا جائے گا۔ نمائندگان نے آزاد کشمیر پولیس کے آئی ٹی اصلاحات کے حوالہ سے اٹھائے جانے والے اقدامات کو سراہا آئی ٹی اصلاحات سے سسٹم میں آٹو میشن، ڈیجیٹلائزیشن، بہترین نظم و نسق، آن لائن خدمات کے علاوہ مینول سسٹم کی حوصلہ شکنی ہوگی اور مانیٹرنگ سسٹم فعال و مربوط ہوگا۔ بلاشبہ یہ پیش رفت وقت کی اشد ضرورت تھی تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سسٹم میں موجود سقم اور سست روی کے مسائل کو دور کیا جائے تاکہ تیز ترین پراسیسنگ کی بدولت ان تمام امور کی انجام دہی ممکن ہو سکے، اسی کے ساتھ ساتھ آزاد کشمیر بھر میں تمام ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس پر عملدرآمد کے حوالے سے بھی باریک بینی سے امور کا جائزہ لیتے ہوئے رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔

مریم نواز کا مزدور راشن انقلاب

مہمان کالم

سجاد علی شاکر

ریاست کا بنیادی فریضہ اپنے شہریوں کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنا، ان کے مسائل کا حل تلاش کرنا اور ان کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں برسوں سے سیاست اور خدمت کے درمیان ایک خلیج قائم رہی ہے۔ وعدے تو بہت ہوئے، لیکن عملی اقدامات شاذ و نادر ہی دیکھنے کو ملے۔ ایسے میں اگر کوئی حکمران محض اعلانات پر اکتفا نہ کرے، بلکہ زمین پر اتر کر عوام کی زندگی میں حقیقی بہتری کے لیے کام کرے، تو اسے سراہنا ضروری ہو جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حال ہی میں جو دو بڑے فلاحی منصوبے متعارف کروائے ہیں، وہ صرف اعلانات نہیں بلکہ ایک عوامی ویلفیئر وژن کا عملی مظہر ہیں۔ ان میں سب سے اہم اقدام یکم مئی سے شروع ہونے والی راشن کارڈ اسکیم ہے، جس کے تحت پنجاب بھر کے 12 لاکھ 50 ہزار مستحق محنت کشوں کو راشن کارڈ فراہم کیے جائیں گے۔ یہ کارڈز ان محنت کشوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ایک نئی امید بن کر سامنے آئیں گے جو مہنگائی کے ہاتھوں بے بس ہو چکے ہیں۔ یہ کارڈ صرف ایک پلاسٹک پیس نہیں بلکہ ریاست کی طرف سے ایک واضح پیغام ہے کہ "ہمیں تمہاری فکر ہے"۔ حکومت پنجاب اس اسکیم کے تحت ابتدائی طور پر 20 ارب روپے کی رقم فراہم کر رہی ہے جبکہ لیبر اور سوشل سیکیورٹی ڈیپارٹمنٹ کے بجٹ سے مزید 20 ارب روپے اس مقصد کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ یعنی مجموعی طور پر 40 ارب روپے کی ایک شفاف، منظم اور عوام دوست اسکیم کا آغاز کیا جا رہا ہے، جس سے 84 لاکھ سے زائد افراد مستفید ہوں گے۔ یہ اسکیم صرف راشن دینے تک محدود نہیں، بلکہ یہ ایک سوچ کی عکاسی کرتی ہے، وہ سوچ جو "سب کے لیے مساوی وسائل" کے اصول پر یقین رکھتی ہے۔ راشن کارڈ بینک آف پنجاب کے ذریعے جاری کیے جائیں گے اور گھرانے کے سربراہ کو دیے جائیں گے۔ مزید یہ کہ بی آئی ایس پی اور دیگر سرکاری گرانٹس حاصل کرنے والے مزدور بھی اس اسکیم کا حصہ بن سکیں گے۔ اس بات کا فیصلہ کہ ہر ماہ کتنی رقم یا راشن فراہم کیا جائے گا، جلد پنجاب کابینہ کی منظوری سے طے کیا جائے گا، اور اس پر باقاعدہ قانون سازی بھی کی جائے گی تاکہ اس کی شفافیت اور تسلسل برقرار رکھا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اب عوام کے دروازے پر خود چل کر آتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "وزیر اعلیٰ کا کام آفس میں بیٹھنا نہیں بلکہ عوام میں رہ کر ان کی خدمت کرنا ہے۔" یہ بات محض سیاسی جملہ نہیں، بلکہ ان کے طرز حکومت کا نچوڑ ہے۔ وہ بارہا اس بات کا اظہار کر چکی ہیں کہ حکومت کا اصل امتحان کمزور، مجبور، اور پسے ہوئے طبقے کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہے۔ اسی تسلسل میں ایک اور شاندار اقدام خصوصی افراد کے لیے معاون آلات کی فراہمی کا منصوبہ ہے، جو کہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا منصوبہ قرار دیا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت "ایک ارب روپے" کی لاگت سے پنجاب بھر کے خصوصی افراد کو مفت معاون آلات دیے جا رہے ہیں، جن میں آلہ سماعت، مصنوعی اعضاء، خودکار و موٹرائزڈ وہیل چیئرز، واکنگ واکر، ٹرائی سائیکل، اور دیگر خصوصی سہولیات شامل ہیں۔ تقریب میں ایک نہایت جذباتی اور یادگار لمحہ اس وقت آیا جب ننھے سہیل، جو حادثاتی طور پر اپنے بازو سے محروم ہو چکا تھا، کو ایک خودکار مصنوعی بازو پہنایا گیا۔ یہ بازو دماغی سگنل کے ذریعے حرکت کرتا ہے۔ سہیل نے پہلی بار اس بازو سے ہاتھ حرکت دیا اور وزیر اعلیٰ مریم نواز سے "ہائی فائی" کی۔ یہ منظر محض ایک جذباتی لمحہ نہیں بلکہ ٹیکنالوجی اور انسانی ہمدردی کا حسین امتزاج تھا۔ وزیر اعلیٰ نہ صرف خود سہیل کے پاس گئیں بلکہ دیگر خصوصی افراد کے ساتھ زمین پر بیٹھ کر ان کی باتیں سنیں، انہیں حوصلہ دیا اور عملی طور پر یہ پیغام دیا کہ ریاست ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ پنجاب میں خدمت کا ایک نیا ماڈل تشکیل پا رہا ہے، جہاں سیاسی جماعتیں صرف بیانات سے آگے نکل کر زمینی حقائق پر توجہ دے رہی ہیں۔ مریم نواز شریف نے بارہا اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ ریاست کو خاص طور پر ان لوگوں کا ہاتھ تھامنا چاہیے جنہیں زندگی نے سہارا نہیں دیا۔ یہی فلاحی ریاست کا بنیادی اصول ہے۔ یہ بھی قابل ذکر بات ہے کہ حکومت کی جانب سے یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ جن افراد کے پاس اپنا مکان نہیں ہے، انہیں 3 مرلہ کے پلاٹ بالکل مفت دیے جائیں گے۔ آخر میں، یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ راشن کارڈ اسکیم اور خصوصی افراد کے لیے آلات کی فراہمی جیسے اقدامات پاکستان میں ایک "خدمت پر مبنی حکومت" کے قیام کی طرف اہم قدم ہیں۔ اگر یہ منصوبے شفافیت، تسلسل اور میرٹ پر جاری رہے تو نہ صرف عوام کا حکومت پر اعتماد بحال ہوگا بلکہ حقیقی ترقی کی بنیاد بھی رکھی جا سکے گی۔ ہمیں امید ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اپنے ان اقدامات کو سیاست سے بالاتر ہو کر عوامی خدمت کا مستقل ذریعہ بنائیں گی، تاکہ ایک ایسا پنجاب تشکیل پا سکے

کشمیر کے عظیم ولی کامل اور قلندر حضرت سائیں گوڈڑی بادشاہ رح

مقامہ کشمیر

سردار طاہر تبسم

tahirtabassum1@gmail.com

اولیائے کرام وصوفیا دراصل شمع رسالت کا ایسا پرتو ہوتے ہیں کہ ان کے عمل و کردار کی مہک سے ایسے انمول سوتے پھوٹتے ہیں جس سے وہ خطہ نور بصیرت سے منور ہو جاتا ہے اور ہر سو ایمان و ایقان کی روشنی پھیل جاتی ہے۔ کشمیر حقیقت میں انہی اللہ کے دوستوں کی اماجگاہ اور مسکن رہا ہے جن سے یہ خطہ ایمان کی حرارت سے روشن ہے اور اللہ کی توحید اور عشق رسول کی شمعیں فروزاں رہی ہیں۔ حضرت سائیں گوڈڑی بادشاہ رح ہمارے اسلاف سے ایسے معتبر و مقرب روحانی پیشوا اور قلندر گزرے ہیں جن کی نادر شخصیت کشمیر و پاکستان میں اپنی مثال آپ ہے۔ وہ ایک ایسا دمکتا ہوا ستارہ تھے جس کی وجہ سے کئی ستاروں کو روشنی ملی اور یہ سلسلہ اب تک تسلسل کے ساتھ جاری و ساری ہے۔ سائیں صاحب گوڈڑی لپیٹ

رکھتے تھے اس وجہ سے گوڈڑی بادشاہ کے نام سے موسوم ہوئے شاید ہی کسی کو ان کا اصل نام معلوم ہو۔ علاقے کے لوگوں نے انہیں کئی مرتبہ ہوا میں اڑتا دیکھا جس کی شہرت دور و نزدیک ہر علاقے میں ہوئی اور ہر وقت ہزاروں معتقدین اور مشتاق کا ہجوم ان کی محفل میں رہتا تھا۔ امرا، معززین، بڑے عہدے دار اور کاملین بھی انہیں آزمانے اور اکثر فیض یاب ہونے آتے تھے۔ ان کے زہد و تقویٰ کی وجہ سے اللہ کریم نے ان کی زبان میں ایسی تاثیر پیدا کر دی تھی کہ جو دعا یا بات کرتے وہ اللہ رب الجلال پوری کر دیتا۔

آپ کی شہرت کا ڈنکا ہر سو پھیلا اور ان کی درجنوں کرامات آج بھی زبان زد عام ہیں۔ آپ کے جانشین حضرت سائیں فرزند حسین فاروقی رح نے بھی بڑی شہرت پائی۔ حضرت سائیں فرزند حسین فاروقی سجادہ نشین سیاح شریف 1940 میں قلندر زماں بابا گوڈڑی بادشاہ رحمتہ اللہ علیہ کی اولاد میں چوتھی پشت سے سائیں ولایت حسین رحمتہ للہ کے ہاں پیدا ہوئے اور انکی آغوش میں دینی روحانی تعلیم و تربیت حاصل کی آپکی عمر پندرہ سال تھی جب آپ کے والد گرامی کا وصال ہو گیا۔ پھر یہ بھاری ذمہ داری داری آپ کے کاندھوں پر آ گئی مگر اللہ نے آن سے اتنا کام لیا کہ چھوٹی عمر سے دین دوستی اور شریعت مطہرہ پر عمل آپکی زندگی کا شعار بن گیا۔ آپ نے خانقاہی نظام میں بہتری لانے کے لئے کئی کاوشیں کیں اور عرس کی مجالس میں جید علماء کرام کو مدعو کر کے دعوت و تبلیغ کے کام کو تیز کیا جو اس وقت آپکا منفرد کارنامہ تھا۔ پورے پاکستان و آزاد کشمیر میں آپ کے لاتعداد مریدین موجود ہیں۔ سدھنوتی کے دارالعلوم غوثیہ کے تاحیات سرپرست رہے اور پلندری، تراڑکھل میں میلاد مصطفیٰ کے جلوس کا آغاز کیا۔ تیریاں شریف مرشد آباد میں جمعہ کا آغاز کیا اور گڑالہ کی جامع مسجد کا سنگ بنیاد رکھا جہاں آج عظیم دارالعلوم قائم ہے اپنے آستانے پر مسجد کا قیام اور موضع اوڈہ جہاں آپکا مزار پرانوار ہے وہاں مسجد اس دور میں تعمیر کرائی جب پیدل سفر تھا راولپنڈی سے اینٹیں منگوا کر تعمیر کروائی گئی انکی بڑی خواہش تھی کہ آستانے پر بھی بڑا دارالعلوم قائم ہو۔ انکی زندگی میں آپکے لخت جگر موجودہ سجادہ نشین پیر شہزاد حسین فاروقی نے دارالعلوم بھی قائم کیا۔ طالبات وطلباء کی تعلیم اور مخلوق خدا کی ویلفیئر کا کام بہت احسن انداز میں ہو رہا ہے۔ جو آج بھی جاری ہے۔ حج و عمرہ کی سعادت حاصل ہوئی اور برطانیہ کے دورے کا بھی موقع ملا۔ 2022 کو آپکا وصال ہوا ملک بھر سے ہزاروں افراد نے نماز جنازہ میں شریک ہوئے نماز جنازہ مرکزی سجادہ نشین تیریاں شریف جانشین سرکار نیروی حضرت پیر محمد فضل ربانی زاہدی نے پڑھائی جبکہ دوسری نماز جنازہ آپکے بیٹے جانشین سائیں شہزاد حسین فاروقی نے والد گرامی کی وصیت کے مطابق برطانیہ سے آ کے پڑھائی۔

وہ انتہائی سادہ، خوش مزاج اور صاحب فکر و نظر اولیا وصوفیا میں سے تھے۔ عبادت، ریاضت اور ذکر و وظائف ہمیشہ معمول رہا۔ تبلیغی و روحانی محافل کا انعقاد ان کا معمول تھا۔ محافل میلاد اور ذکر رسول کو اپنی زندگی کا معمول رہا اصلاح احوال اور معاشرتی برائیوں کے خاتمے کے لئے ہر وقت سرگرم رہتے۔ وہ پاکستان اور کشمیر کے معروف اور نامور کاملین میں شمار ہوتے تھے۔ ان کی شفقت اور نظر کرم مجھ پر بھی رہی اور متعدد مرتبہ ملاقات کا شرف حاصل ہوتا رہا۔ جو میری زندگی کا اثاثہ ہے آپ کے سجادہ نشین سائیں شہزاد حسین قادری ڈربی برطانیہ میں مستقل آباد ہیں وہ ایک تعلیم یافتہ علمی و سماجی اور روحانی شخصیت ہیں انہوں نے اپنے جد اعلیٰ سائیں گوڈڑی بادشاہ کے نام سے ویلفیئر ٹرسٹ اور درگاہ کے متصل دارالعلوم بھی قائم کیا ہے جس میں طلبہ و طالبات کے لئے درس نظامی تجوید، حفظ و قرات کی دینی تعلیم کا اعلیٰ انتظام موجود ہے۔

حضرت سائیں گوڈڑی بادشاہ رح اور حضرت سائیں فرزند حسین فاروقی رح کا سالانہ عرس مبارک ہر سال کی طرح امسال بھی سائیں شہزاد حسین قادری سجادہ نشین کی زیر سرپرستی 25 اپریل

سے شروع ہو رہا ہے جو تین دن جاری رہے گا جس میں اہم قومی و سیاسی شخصیات، مشائخ عظام، علمائے اکرام اور نعت خوان حضرات کثیر تعداد میں عقیدت و احترام کے ساتھ شرکت کر رہے ہیں۔

☆☆☆☆

بلاول نفرتوں کو فروغ نہ دیں

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

بلاول بھٹو زرداری نے گزشتہ تین سال سے مسلم لیگ ن کو دھمکیاں اور بھبکیاں دینے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ یہ سلسلہ عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کے بعد سے ہی شروع ہو گیا تھا۔

پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ ن روایتی حریف سیاسی پارٹیاں ہیں جو ماضی میں اسی طرح سے ایک دوسری کی مخالف رہی ہیں جس طرح آج یہ دونوں پارٹیاں پی ٹی آئی کی مخالف ہیں یا پی ٹی آئی ان کی مخالف ہے۔ ماضی میں پیپلز پارٹی پنجاب میں بھی مقبول ترین جماعت رہی ہے۔ مقتدرہ نے جب پنجاب سے پیپلز پارٹی کا بوریا بستر گول کرنے کا فیصلہ کیا تو بے نظیر بھٹو اپنی سیاسی بصیرت اور طلسماتی شخصیت کی بدولت پیپلز پارٹی کو پنجاب کے اندر زندہ رکھنے میں کامیاب رہیں۔ ان کی شہادت کے بعد پیپلز پارٹی پنجاب میں کمزور سے کمزور تر ہوتی گئی۔ پنجاب کے لوگوں نے آصف زرداری کو بے نظیر بھٹو کے متبادل کے طور پر قبول نہ کیا۔ بلاول نے جب عملی سیاست میں قدم رکھا تو ان کی ترجیحات میں یہ شامل تھا کہ انہوں نے پارٹی کو پنجاب میں اس کا کھویا ہوا مقام واپس دلانا ہے۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ پنجاب میں ان کی اصل حریف مسلم لیگ ن ہے اس لیے 2024 کے الیکشن کی انتخابی مہم میں انہوں نے اپنی توپوں کا رخ میاں نواز شریف کی طرف ہی رکھا تھا۔ ان کی تمام تر کوشش اور محنت کے باوجود پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ کر پائی۔

وفاق میں حکومت سازی کے عمل میں بلاول نے مسلم لیگ ن کا ساتھ دیا۔ بدلے میں وزارتیں تو نہ لیں لیکن بہت سے آئینی عہدے حاصل کر لیے۔ پنجاب میں اپنی پارٹی کے لیے سپیس حاصل کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے اپنے مطالبات کی فہرست بھی مسلم لیگ ن کی قیادت کو دے رکھی ہے جس میں اپنے ایم پی ایز کے لیے گرانٹس کی فراہمی، ہارے ہوئے امیدواران اور پارٹی کے صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی عہدیداران کے لیے مراعات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف ایسا کرنے پر رضامند نہیں ہیں۔ مسلم لیگ ن اس شرط پر پیپلز پارٹی کو پنجاب میں اکاموڈیٹ کرنے پر رضامند ہے کہ ویسی ہی مراعات اسے سندھ میں دی جائیں جس پر بلاول راضی نہیں ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے پروگرام تو یہ بنایا تھا کہ امسال وفاقی بجٹ کو اسی صورت میں پاس کرنے کی حمایت میں ووٹ دیں گے جب پنجاب میں انہیں شیئر دینے کا مطالبہ منظور کیا جائے گا لیکن انہیں حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا موقع اس سے پہلے ہی مل گیا ہے۔ انہوں نے کینالز منصوبے پر حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا ہوا ہے۔ حیدرآباد میں منعقدہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وفاقی حکومت اور مسلم لیگ ن پر تابڑ توڑ حملے کیے۔ یہاں تک کہ انہوں نے حکومت کا ساتھ چھوڑنے کی دھمکی بھی دے دی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ہم نے شہباز شریف کو دو مرتبہ وزیر اعظم بنوایا۔ اسلام آباد والے اندھے اور بہرے ہیں۔ شیر والے صرف عوام کا خون چوستے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مجوزہ 6 کینالز میں سے دو کی منظوری بانی پی ٹی آئی نے دی تھی۔

جہاں تک کینالز منصوبے کی بات ہے تو حکومت بار بار کہہ چکی ہے کہ پیپلز پارٹی کو راضی کیے بنا یہ نہریں نہیں بنیں گی۔ ویسے بھی یہ معاملہ جلسوں کی بجائے مذاکرات کے ذریعے ہی طے ہونا ہے۔ بلاول بھٹو جلسوں کے ذریعے حکومت پر دباؤ بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے اگلا جلسہ 25 اپریل کو سکھر میں کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔

سڑکیں ہوں یا نہریں، یہ کسی بھی ملک کی وہ شریانیں ہوتی ہیں جن میں معیشت کا لہو دوڑتا ہے۔ ان کی تعمیر کی مخالفت ملکی معیشت کو کمزور کرنے کے مترادف ہے۔ مجوزہ نہروں کو پنجاب نے اپنے حصے کا پانی دینا ہے جس سے چولستان کا بنجر علاقہ آباد ہوگا۔ سندھ کو اپنے حصے کا پورا پانی ملے گا۔ ان نہروں کی تعمیر سے سندھ کے پانی میں کمی نہیں ہوگی۔ اگر بلاول کو تحفظات ہیں تو وہ مذاکرات کے ذریعے اپنے تحفظات پیش کریں۔ جلسے کر کے اور تند و تیز تقریروں کے ذریعے شاید وہ سندھ کے عوام کو تو اپنے پیچھے لگا لیں گے لیکن ایسا کر کے پنجاب کو وہ بہتر پیغام نہیں دے رہے۔ وہ اپنے موجودہ رویے اور احتجاج سے یہ ظاہر کر رہے ہیں جیسے وہ قومی سطح کی کسی پارٹی کے نہیں بلکہ ایک صوبائی پارٹی کے سربراہ ہیں۔ پنجاب والے بلاول بھٹو زرداری کو اپنے صوبے کی ترقی کا دشمن سمجھ رہے ہیں۔ یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ اگر کل کلاں پیپلز پارٹی برسر اقتدار آ گئی تو وہ ساری توجہ سندھ پر مرکوز کر کے پنجاب کو نظر انداز کرے گی۔

اس سے پہلے کالا باغ ڈیم پر بھی پیپلز پارٹی نے اسی طرح تنازع کھڑا کیا تھا اور ابھی تک اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹی۔ اگر یہ ڈیم بن جاتا تو سبھی کو فائدہ تھا۔ یاد رہے پیپلز پارٹی نے تو موٹر وے کی بھی سخت مخالفت کی تھی مگر آج سندھ میں موٹر وے کی تعمیر کے لیے اس کی بے تابی دیکھنے کے قابل ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح پی ٹی آئی نے میٹرو بس کی مخالفت میں پوری پروپیگنڈا مہم شروع کر دی تھی۔ اسے جنگلہ بس کا نام دیا گیا مگر جب اسے غلطی کا احساس ہوا تو پشاور میں بی آر ٹی بنائی۔

ملک کی تعمیر و ترقی پر سیاست نہیں کرنی چاہیے۔ اپنی سیاست کی خاطر ملکی خوشحالی کی راہ میں روڑے نہیں اٹکانے چاہئیں۔ قومی سطح کی پارٹی کی سوچ بھی قومی ہونی چاہیے۔

جہاں تک بلاول کی دھمکیوں، بھبکیوں اور احسانات گنوانے کی بات ہے تو یاد رکھیے! سیاست میں کوئی کسی پر احسان نہیں کرتا۔ اپنی حمایت کا پورا پورا معاوضہ وصول کیا جاتا ہے۔ پی ڈی ایم کی حکومت سازی کے وقت بلاول زرداری کو وزیر اعظم بننے کی فراخدلانہ پیشکش کی گئی تھی مگر انہوں نے کانٹوں کا تاج پہننے سے خود ہی انکار کر دیا تھا۔ انہیں معلوم تھا کہ ملکی معیشت ڈوب چکی ہے۔ بہت سے غیر مقبول فیصلے کرنے پڑیں گے۔ پارٹی کی مقبولیت کا گراف زمین پر آ گرے گا۔ انہوں نے اپنی سیاست بچانے کے لیے خود اس عہدے سے انکار کر کے مسلم لیگ ن کو ایک طرح سے پھنسانے کی کوشش کی تھی۔ وہ اپنی اس سمارٹ گیم کو بھی احسان بتا رہے ہیں۔ 2024 میں مسلم لیگ ن کے خلاف

انہوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا تھا۔ مگر اس کے مقابلے میں کمتر رہے۔ انہوں نے معاہدے کے مطابق مسلم لیگ ن کی حکومت سازی میں ساتھ دیا تھا۔ بدلے میں ملک کی صدارت، دو صوبوں کی گورنرشپ اور بہت سے آئینی عہدے حاصل کیے تھے۔ یہ حمایت مفت میں نہیں کی گئی۔ بلاول نے یہ بھی کہا ہے کہ وہ وزارتوں کو لات مارتے ہیں۔ ان سے پوچھا جانا چاہیے کہ کون سی وزارتوں کو لات مار رہے ہیں؟ ان کی پارٹی کے پاس تو ایک وزارت بھی نہیں ہے۔ کیا بلاول اپنے والد سے صدر مملکت کا عہدہ واپس کروا سکتے ہیں؟ پنجاب اور پختونخوا کی گورنرشپ چھوڑ دیں گے؟ دیگر حاصل کردہ آئینی عہدوں کی سربراہی سے دستبردار ہوں گے؟ یقیناً وہ ایسا نہیں کریں گے۔ مقتدرہ اسی سسٹم کو چلانا چاہتی ہے۔ بلاول میں اتنا دم خم نہیں ہے کہ وہ مقتدرہ سے ٹکر لے کر اپنے سیاسی کیریئر کے ابتدا میں ہی اپنے لیے مسائل کھڑے کر لیں۔ ان کے والد پر کچھ سنجیدہ کیسز بھی چل رہے ہیں۔ صدارتی استثناء کی وجہ سے ان کیسز پر کوئی پیش رفت نہیں ہو رہی۔ جس دن وہ صدارت سے ہٹیں گے فائلیں کھل جائیں گی۔ کیا بلاول شدید بیمار والد کو کسی پریشانی میں خود ہی ڈال پائیں گے۔ دھمکیاں دینا آسان ہے ان پر عمل کرنا بہت مشکل ہے۔ مناسب یہی ہے کہ اپنی سیاست چمکانے کی خاطر دو صوبوں کے عوام کے درمیان نفرتوں کو فروغ دینے کی بجائے معاملات کو افہام و تفہیم سے مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔

☆☆☆☆

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
(ادارہ)......

پاکستان اور متحدہ عرب امارات

نوشتہ دیوار

سردار عبدالخالق وصی ایڈووکیٹ

Abdul_Khaliq_Wasi@yahoo.com

یہ تعلق صرف دو ملکوں کی جغرافیائی قربت یا وقتی مفادات کا عکاس نہیں، بلکہ یہ دراصل دو نظریاتی ریاستوں کا ایسا رشتہ ہے جو ایمان، اخوت، اعتماد اور باہمی عزت پر استوار ہے۔ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کا باہمی اتحاد وقت کے ساتھ محض مضبوط نہیں ہوا بلکہ اب وہ ایک ہمہ جہت اشتراک میں ڈھل چکا ہے — جہاں نظریاتی یگانگت، مالیاتی تعاون، تزویراتی ہم آہنگی اور عوامی سطح پر اخلاص ہر قدم پر ایک نئی جہت پیدا کر رہے ہیں۔

متحدہ عرب امارات کے قیام کے وقت پاکستان نے نہ صرف اس نوزائیدہ اسلامی برادر ملک کو فوری طور پر تسلیم کیا بلکہ اس کی بنیادوں کو استوار کرنے میں عملی کردار بھی ادا کیا۔ پاکستان کی قومی ایئرلائن، پی آئی اے، نے ابتدائی برسوں میں امارات کی فضائی رابطہ کاری کو مستحکم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا، جبکہ پاکستان کی مسلح افواج نے امارات کی دفاعی تربیت اور سیکیورٹی انفراسٹرکچر کے قیام میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ آج بھی اماراتی قیادت ان خدمات کو عزت و افتخار کے ساتھ یاد کرتی ہے۔

بانی متحدہ عرب امارات، شیخ زاید بن سلطان النہیان، کی پاکستان سے محبت و وابستگی کی جھلک جنوبی پنجاب، رحیم یار خان، لاہور اور دیگر شہروں میں قائم فلاحی اداروں اور اسپتالوں میں دیکھی جا سکتی ہے۔ شیخ زاید اسپتال لاہور اور راولپنڈی میں ملٹری اسپتالوں کی توسیع بھی اسی تعلق کی امین ہے۔

2005 کے زلزلے کے بعد آزاد کشمیر میں یو اے ای کی جانب سے جدید تعلیمی وطبی سہولیات کا قیام، "یو اے ای پیس اینڈ سولجرز پروگرام" کے تحت، ان کے اخلاص اور بھائی چارے کی ایک روشن مثال ہے۔

اسی محبت اور شراکت داری کا تسلسل حالیہ دنوں میں اس وقت دیکھنے کو ملا جب یو اے ای کے نائب صدر و وزیر صدارتی امور، عزت مآب شیخ منصور بن زاید النہیان نے پاکستان کا اہم اور تاریخی دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران صرف خیر سگالی جذبات کا تبادلہ ہی نہیں ہوا بلکہ کئی اہم شعبوں میں دو طرفہ تعاون پر جامع بات چیت اور فیصلے بھی کیے گئے۔

ان مذاکرات میں سرفہرست موضوعات میں اقتصادی شراکت داری، دفاعی ہم آہنگی، قابل تجدید توانائی، جدید زراعت، لاجسٹکس، ڈیجیٹل معیشت اور مالیاتی استحکام شامل تھے۔ ایک اہم پیشرفت پاکستان سے تعلق رکھنے والی سکلڈ لیبر سے متعلق مسائل پر کھل کر بات چیت تھی، جن میں ویزا پراسیسنگ، ورکر رائٹس، لیبر ٹریننگ سینٹرز کا قیام اور نئی ملازمتوں کی تخلیق شامل ہے۔ یہ اقدامات عام پاکستانی محنت کشوں، ورکرز اور بیرون ملک مواقع کے خواہاں نوجوانوں کے لیے انتہائی خوش آئند ہیں۔

پاکستان کی نمائندگی نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کی، جنہوں نے اپنی معاشی بصیرت، عرب دنیا میں ذاتی تعلقات اور سفارتی مہارت سے ان مذاکرات کو نتیجہ خیز بنایا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے نہایت دانشمندی، تدبر اور فہم و فراست سے معزز مہمان کی میزبانی کی، اور قومی سطح پر اس دورے کو ایک اہم پیشرفت میں ڈھالا۔

یہ بات فراموش نہیں کی جا سکتی کہ پاک-امارات دوستی کو اعتماد اور ٹرسٹ میں بدلنے کا سہرا پاکستان کے مدبر رہنما محمد نواز شریف کو جاتا ہے، جنہوں نے برادری پر مبنی تعلقات کو پروان چڑھایا۔ ان کا وژن آج وزیر اعظم شہباز شریف اور محترمہ مریم نواز کی توانائی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

جنرل سید عاصم منیر، جنہیں عرب دنیا میں خاص وقعت حاصل ہے، اپنی عسکری مہارت، وسیع تجربے، اور قومی مفادات سے جڑے نقطہ نظر کے ساتھ اس اشتراک کو دفاعی میدان میں ایک نئی جہت دے رہے ہیں۔

اس وقت پاکستان میں جو قیادت موجود ہے — جس میں نواز شریف کا وژن، شہباز شریف کی انتھک محنت، سینیٹر اسحاق ڈار کی معاشی و سفارتی حکمت عملی، اور جنرل سید عاصم منیر کی عسکری بصیرت شامل ہے — وہ پاکستان کو ایک بار پھر ترقی، خوشحالی، اور عالمی وقار کی راہ پر لے جا رہی ہے۔

یہ محض دو ملکوں کا تعلق نہیں، بلکہ دو روحوں، دو نظریات اور دو ملتوں کے درمیان وہ پل ہے جو ماضی کی رفاقت، حال کی شراکت، اور مستقبل کی روشن امیدوں کا مظہر ہے۔ ان شاء اللہ یہ رشتہ نہ صرف قائم و دائم رہے گا بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے قابل فخر ورثہ بنے گا۔

مدرسہ فیضان علی علیہ السلام للبنات کراس نامنوٹہ

جنت حسین اعوان

یہ غالباً 2023 جنوری کے مہینے کی ایک شام تھی مجھے سیل فون کی گھنٹی بجی آگے سے پوچھا سر کہاں پر ہیں میں نے کہا کہ گھر پہ ہوں کہنے لگے پچھے ہی آ جائیں اکٹھے کھانا کھاتے ہیں میرے گھر والوں نے پوچھا کہ کون ہے تو میں نے کہا کہ ہمارے ایک محسن ہیں جنہوں نے مجھے یاد فرمایا ہے تو کہنے لگے کہ جائیے پہلے بھی کتنی دفعہ انہوں نے اپ کو یاد فرمایا ہے اپ سے محبت کرتے ہیں سردی کی شام تھی گرم کپڑوں کی تہوں میں لپٹا ان کے ہاں چلا گیا دیکھا کہ وہاں پر پام ٹری انٹرنیشنل کالجیٹ جو آج راولاکوٹ کا ایک عظیم الشان تعلیمی ادارہ ہے اور جو آج راولاکوٹ میں کوالٹی ایجوکیشن کا پہلا معیاری ادارہ ہے اس کے بانی پروفیسر ڈاکٹر رضوان خالد چوہدری صاحب سید عثمان علی پروجیکٹ ڈائریکٹر پام ٹری انٹرنیشنل کالجیٹ اور ان کی ٹیم جو کینیڈا سے تشریف لائے ہوئے تھے بیٹھے ہوئے تھے پام ٹری انٹرنیشنل کالجیٹ کی برانچ کے قیام کے حوالے سے ان کے ساتھ بات چیت ہوتی تھی اور کھانا ایک ساتھ کھایا بات چیت کے دوران انہوں نے ہمارے انتہائی قابل احترام جناب محترم سردار پرویز صاحب سے پوچھا کہ سر اپ یہ پام ٹری کی شاخ یہاں راولاکوٹ میں کھولنے کے لیے کیوں زور دے رہے ہیں تو جو ان کا جواب تھا اس نے مجھے ورطہ حیرت میں ڈال دیا انہوں نے کہا کہ سر راولاکوٹ کے اندر کوالٹی ایجوکیشن کا کوئی اتنا معیاری ادارہ نہیں ہے کوالٹی ایجوکیشن میں ہمارے بچے بہت پیچھے ہیں اس قسم کے ادارے اسلام اباد میں تو ہو سکتے ہیں لیکن راولاکوٹ میں ذرا مشکل ہے میں چاہتا ہوں کہ یہاں ایک ایسا ادارہ ہو جہاں سے ہمارے بچے اور بچیاں خاص کر کے میرے گاؤں کا وہ محروم طبقہ جو کوالٹی ایجوکیشن حاصل کرنے میں بہت پیچھے ہیں ان کے وسائل نہیں ہیں اس لیے ایسے ادارہ کی بنیاد رکھی جائے تاکہ وہ محروم بچے بھی اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں خاص کر کے محروم غریب طبقہ تو میں چاہتا ہوں کہ اللہ پاک نے جو مجھے اپنے کرم سے نوازا ہے اس سے میں اس علاقے کے عوام اس علاقے کے لوگوں کی خدمت کر سکوں اور اپنے گاؤں نامنوٹہ کو ایک ماڈل ویلج بنا سکوں یہ میرا ایک خواب ہے جسے میں شرمندہ تعبیر دیکھنا چاہتا ہوں وہ سب سے اچھا یہی ہے کہ میں ایک اچھا کوالٹی ایجوکیشن کا ادارہ قائم کروں اور وہ وہاں پر اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں خیر اس پر بات چیت کرنے کے بعد فائنل ہو گیا کہ وہ راولاکوٹ میں پام ٹری انٹرنیشنل کالجیٹ جو اس وقت تک کینیڈا سے لے کر پاکستان تک اور دوسرے ممالک میں پھیلا ہوا تھا راولاکوٹ میں پہلی برانچ اس کی کھلنے جا رہی تھی میری خوشی کی انتہا تھی کہ آج کے اس مادی اور خود غرضی کے دور میں ایسے فرشتہ صفت لوگ بھی موجود ہیں جن کے دل میں نادار غریبوں مسکینوں اور محروم طبقے کے لیے اتنا احساس پایا جاتا ہے۔

خیر بات پام ٹری کے قیام کی طے ہو گئی جس پر ابتدائی خرچہ تو تقریباً ایک کروڑ کے قریب تھا جو اب تک بڑھ کر کئی کروڑوں میں جا چکا ہے اور وہ ادارہ راولاکوٹ کے ایریا کے اندر اس پورے ریجن کو کوالٹی ایجوکیشن کے نور سے منور کر رہا ہے جناب سردار پرویز صاحب نے اپنے گاؤں کے مستحق یتیم بے کس بچوں کے لیے ایک سال تک فری تعلیم کا اعلان کیا اور یتیم بچوں کے لئے بالکل فری تعلیم کا اعلان کر دیا یہ پام ٹری کا تذکرہ تحدیث نعمت کے طور پر اس لیے کیا کہ اس علاقے کے لوگوں کے لیے سردار پرویز صاحب کا یہ کام کسی نعمت کم نہیں تھا اس کی اہمیت وہ یتیم بے کس نادار محروم طلباء و طالبات بہتر جانتے ہیں جو اس سے استفادہ کر رہے ہیں جس کی عمدہ مثال ارفا ارشد جیسی بچی جس نے پام ٹری انٹرنیشنل کالجیٹ کی طرف سے سنگاپور میں انٹرنیشنل سائنسی مقابلے میں آزاد کشمیر کی نمائندگی کی اور تیسری پوزیشن حاصل کی اور کانسی کا تمغہ اپنے نام کیا

اس کے ساتھ ہی اج سے پانچ ماہ قبل جناب سردار پرویز صاحب اور ان کے بھائی حافظ محمود اختر صاحب نے ایک دینی مدرسے کی بنیاد ڈالی مدرسہ فیضان علی علیہ السلام للبنات کے نام سے تو پہلے سے چل رہا تھا اور تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان سے الحاق شدہ ہے۔ جس میں ہمارے گاؤں بھر کی عورتیں بچیاں آ کر تعلیم حاصل کر رہی تھیں دینی تعلیم سے روشناس ہو رہی تھیں لیکن ان کے لیے باقاعدہ ایک اقامتی دینی ادارہ قائم کرنا بلڈنگ بنا کر اقامتی بنیادوں پر وقت کی اہم ضرورت تھی میرے گمان کے مطابق تقریباً ڈھائی تین کروڑ روپے کی لاگت سے پانچ ماہ کے قلیل عرصے میں تعمیر کیا گیا جس میں قدیم اور جدید تعلیمی سہولیات سے منور کیا گیا تین منزلہ بلڈنگ انتہائی خوبصورت ترین انداز سے بنائی گئی ہے اس میں قرانی ایات کی کندہ کاری اور آرائش و آسائش نے اور زیادہ دل کش اور دل فریب بنا دیا یہ ضلع پونچھ کا پہلا بچیوں کا اقامتی تعلیمی دینی ادارہ ہے تین دن پہلے اس کا افتتاح کیا گیا جس میں پاکستان اور ازاد کشمیر بھر سے جید علماء کرام اور مشائخ عظام تشریف لائے مدرسے کا افتتاح حافظ محمود اختر صاحب نے پہلے سے ہی اپنی والدہ محترمہ کے دست مبارک سے کرا دیا تھا لیکن اصول برکت کے لیے انہوں نے علماء کرام اور مشائخ عظام کو بلا کر اس کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالی اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ادارہ بہت تھوڑے عرصے میں عروج کی بلندیوں پر پہنچ گیا ہے 30 بچیوں کے رہنے کی گنجائش تھی جو کہ اب تک پوری ہو چکی ہے باقی بچیاں داخلے کے لیے کوشاں ہیں جو بچیوں نے داخلے لیے ان میں سکول کالج یونیورسٹی کی طالبات بھی موجود ہیں اس مدرسے کے مہتمم جناب حافظ محمود اختر صاحب نے ساتھ ہی ایک کمپیوٹر لیب کی بنیاد ڈالی ہے تاکہ جو بچیاں اج کے دور کے تقاضوں کے پیش نظر آئی ٹی آرٹیفیشل انٹیلیجنس ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور دوسرے شعبوں میں دلچسپی رکھتی ہوں تاکہ وہ جاب لس نہ ہوں تو وہ اس سے استفادہ حاصل کر سکیں انتہائی خوبصورت اور عالیشان عمارت مستقبل کے لیے انشاء اللہ ہماری بچیوں کے روشن مستقبل کے لیے ایک نئے باب کا آغاز ہوگا جس سے اس علاقے کے بچیوں اور عورتوں میں دینی روحانی اور اخلاقی تربیت کا سنگ میل ثابت ہوگا ایک بچی کی تعلیم ایک نسل کی تعلیم کے برابر ہوتی ہے دینی مدرسے ہمیشہ سے مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کا ایک اہم حصہ رہے ہیں۔ خاص طور پر بچیوں کے دینی مدرسے، جہاں انہیں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تربیت دی جاتی ہے، ان کی شخصیت سازی میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ مدرسے نہ صرف دین کی بنیادی تعلیم دیتے ہیں بلکہ بچیوں کو اخلاقی، سماجی اور نفسیاتی طور پر بھی مضبوط بناتے ہیں۔

دینی مدرسوں میں بچیوں کو قرآن مجید، حدیث، فقہ، اور اسلامی تاریخ کی تعلیم دی جاتی ہے۔ یہ تعلیم انہیں دین کی بنیادی باتوں سے آگاہ کرتی ہے اور ان کی روحانی تربیت کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، بچیوں کو زندگی کے مختلف پہلوؤں پر اسلامی نقطہ نظر سے رہنمائی فراہم کی جاتی ہے، جو ان کی شخصیت کی تعمیر میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

مدرسوں میں بچیوں کو نہ صرف علمی بلکہ اخلاقی تربیت بھی دی جاتی ہے۔ انہیں سچائی، ایمانداری، محبت، اور احترام جیسے اہم اخلاقی اقدار سے روشناس کرایا جاتا ہے۔ یہ اخلاقی تعلیمات بچیوں کو ایک بہترین انسان بننے میں مدد دیتی ہیں، جو بعد میں معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے قابل ہوتی ہیں۔

دینی مدرسوں کا ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ وہ بچیوں میں سماجی ذمہ داری کا احساس پیدا کرتے ہیں۔ انہیں سکھایا جاتا ہے کہ وہ اپنے خاندان، معاشرے اور ملک کے لیے کس طرح فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہیں۔ یہ انہیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے اور وہ مستقبل میں ایک فعال اور ذمہ دار شہری بن کر ابھرتی ہیں۔

بچیوں کے دینی مدرسے ایک ایسی جگہ ہیں جہاں علم، اخلاق، اور سماجی ذمہ داری کا بہترین امتزاج پایا جاتا ہے۔ یہ ادارے نہ صرف بچیوں کی دینی تربیت کرتے ہیں بلکہ انہیں ایک مضبوط اور مثبت شخصیت بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

اس لیے، دینی مدرسوں کا قیام اور فروغ ہمارے معاشرے کے لیے نہایت اہم ہے، تاکہ ہماری آنے والی نسلیں ایک بہتر مستقبل کی طرف گامزن ہو سکیں۔ دعا ہے اللہ پاک اس مدرسے کے ذریعے ہماری بچیوں میں دینی روحانی اخلاقی اور سماجی انقلاب لائے اور میں امید کرتا ہوں کہ انشاء اللہ اس مدرسے کے ذریعے اس علاقے کے اندر ایک دینی اور روحانی انقلاب آئے گا ہماری بچیاں احیائے اسلام اور دین کی سربلندی کے لیے دن رات کام کریں گی اللہ پاک جناب سردار پرویز صاحب حافظ محمود اختر صاحب اور ان کی پوری ٹیم کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے نوازے کہ

انہوں نے اشاعت دین کے لیے اپنی ذاتی دلچسپی سے دن رات ایک کر کے یہ ادارہ قائم کیا اور اپنی حلال کمائی سے کروڑوں روپے لگا کر اپنی آخرت کو سنوار لیا۔ سردار پرویز صاحب حافظ محمود اختر ان کے بھائیوں کی عشق رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور دین مصطفیٰ سے والہانہ محبت کی ایک جھلک کراس نامنوٹہ کی خوبصورت مسجد اور اس پر کروڑوں روپے کی لاگت سے سجایا گیا گنبد خضرا کی طرز پر خوبصورت گنبد اپنی دلکشی اور دیدہ زیبی میں ثانی نہیں رکھتا

سچ تو یہ ہے کہ یوں تو سینکڑوں ہزاروں مخیر حضرات موجود ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے شاید سردار پرویز صاحب اور حافظ محمود اختر صاحب اور ان کے خاندان کو اس کام کے لئے چن لیا ہے اللہ پاک اپنی بارگاہ میں ان کی یہ سعی قبول و منظور فرمائے ان کے کاروبار میں مزید وسعتیں عطا فرمائے آمین بجاہ سید المرسلین حبیب مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم

بھارت کی آبی جارحیت ناقابل برداشت ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

بونیر (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت کی آبی جارحیت ناقابل برداشت ہے تمام محب وطن پاکستانی اندرونی اختلافات بھلا کر ڈٹ کر بھارتی جارحیت کا مقابلہ کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بونیر میں یتیم بچوں کے لیے آغوش سنٹر کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی ڈویژنل اور ضلعی قیادت و کارکنان کی بڑی تعداد ان کے ہمراہ افتتاحی تقریب میں شریک ہوئے۔

وطن جب بھی پکارے گا فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونگے، حق دو تحریک

مقبوضہ کشمیر میں رونما ہونے والے افسوسناک واقعے کو بنیاد بنا کر بھارتی میڈیا محض جھوٹا پروپیگنڈہ کر رہا ہے

اس حملے سے پاکستان یا آزاد کشمیر کا کوئی تعلق نہیں، بھارتی دھمکیوں سے ڈرنے والے نہیں ہیں، پریس کانفرنس سے خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) حق دو تحریک کے مرکزی رہنماؤں نے کہا کہ آج ہم ایک مرتبہ پھر ایسے موقع پر جمع ہوئے ہیں جب بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف بے بنیاد، غیر ذمہ دارانہ اور اشتعال انگیز الزامات عائد کیے جا رہے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں حالیہ افسوسناک واقعے کو بنیاد بنا کر بھارتی میڈیا اور حکام نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ اس حملے میں پاکستان یا پاکستان میں موجود کسی تنظیم کا ہاتھ ہے۔ ہم ان الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہیں (بقیہ 35 صفحہ 03)

GHAZI-E-MILLAT PRESS CLUB RAWALAKOT

پاکستان کی علاقائی سالمیت کو شدید خطرات لاحق ہیں، عمر ایوب

جمود کا شکار اور مردہ معیشت کی وجہ سے ہمارا قابل اعتماد دفاع دباؤ کا شکار ہے

اسلام آباد(صباح نیوز)قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کے بعد گزرنے والا ہر لمحہ پاکستان کے لیے ایک ٹک ٹک ٹائم بم ہے۔ یہ بھارت کا پاکستان کے خلاف اعلان جنگ ہے۔قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے ایکس پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ (بقیہ 36 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر، ایک حملے میں بھارتی فوجی اہلکار ہلاک

سری نگر(کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر میں ایک حملے میں بھارتی فوج کا ایک اہلکار ہلاک ہوگیا۔ضلع ادھمپور میں بھارتی فوجیوں حملہ بسنت گڑھ علاقے میں جاری محاصرے اور تلاشی (بقیہ 37 صفحہ 03)

بینک آف آزاد جموں وکشمیر، مظفر آباد

نیلامی طلائی زیورات

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بینک آف آزاد جموں وکشمیر کی مندرجہ ذیل برانچوں میں جاری کردہ شیڈول کے تحت راہن بندگان کے طلائی زیورات نیلام کئے جائیں گے۔ نیلامی میں حصہ لینے کے خواہشمند خواتین وحضرات مبلغ-/10,000 روپے بطور زر ضمانت متعلقہ برانچ میں جمع کروا کر نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ بینک انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ بغیر وجہ بتائے نیلامی منظور یا مسترد کرے۔ راہن بندگان کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ قبل از نیلامی اصل رقم بمعہ مارک اپ ادا کر کے اپنے رہن شدہ طلائی زیورات چھڑوا سکتے ہیں بصورت دیگر نیلامی کی صورت میں بینک کسی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

(شیڈول)

الف) دھیرکوٹ برانچ، دھیرکوٹ، نیلامی مورخہ 05.05.2025 بروز پیر بوقت 11.00 بجے قبل از دوپہر

نام بمعہ ولدیت	ایڈریس	کھاتہ نمبر	اصل رقم	مارک اپ	کل رقم
راجہ محمد فاروق خان ولد راجہ محمد بہادر خان	ابجہ، سہوتر، راولاکوٹ	12760001	850,000/- روپے	71,422/- روپے	912,422/- روپے
شبیر حسین ولد بشیر حسین	دودھیال، ضلع نیلم	16417001	345,000/- روپے	42,290/- روپے	387,290/- روپے

ب) پلندری برانچ، پلندری، نیلامی مورخہ 07.05.2025 بروز بدھ بوقت 11.00 بجے قبل از دوپہر

نام بمعہ ولدیت	ایڈریس	کھاتہ نمبر	اصل رقم	مارک اپ	کل رقم
عاقب جاوید ولد جاوید اختر	سیاح، آزاد پتن، پلندری	18293001	145,000/- روپے	39,435/- روپے	184,435/- روپے

المشتہر:
ڈویژنل ہیڈ آپریشنز
بینک آزاد جموں وکشمیر، ہیڈ آفس، گوجرہ بائی پاس روڈ، مظفر آباد
فون نمبر 05822-923270-71

العرفان ہومیو پیتھک میڈیکل کالج میں مشروم کا 1 روزہ تربیتی پروگرام

میونسپل کارپوریشن، شہریوں، صحافیوں سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد میں شرکت

معاشرہ کی فلاح، بہتری اور خود انحصاری کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات کی تحسین، بھرپور تعاون کی بھی یقین دہانی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) العرفان ہومیو پیتھک میڈیکل کالج میں مشروم کی ایک روزہ ٹریننگ ہوئی۔ جس کا اہتمام ڈاکٹر محمد عرفان کیانی سابق مشیر صحت و چیئرمین العرفان ہومیو پیتھک میڈیکل کالج نے کیا۔ جبکہ مہمان خصوصی محمد نثار قاضی ڈپٹی میئر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ تھے صدارت سردار ڈاکٹر شیر افضل سابق ایڈمنسٹریٹر تھے۔ عملی ٹریننگ طاہر یونس فیلڈ اسسٹنٹ محکمہ زراعت نے بھی۔ مشروم کی افادیت پر ڈاکٹر محمد عرفان نے لیکچر دیا۔ ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کے بعد ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس سے شوکت حسین کوہر صدر تعمیر کشمیر گروپ۔ شاہد خورشید ترجمان میونسپل کارپوریشن (بقیہ 38 صفحہ 03)

انڈین میڈیا کا پاکستان کیخلاف پروپیگنڈہ من گھڑت ہے، جھوٹا ہے، جمیلہ خاتون

ہندوستان مقبوضہ کشمیر میں کشیدگی پیدا کر کے تحریک آزادی کو دبانا چاہتا ہے جو کسی صورت بھی ممکن نہیں ہو پائے گا

ضرورت اس بات کی ہے کہ پاکستان پر انگلیاں اٹھانے کے بجائے انڈیا اس واقعے کی مکمل چھان بین کرے، مطالبہ

مظفر آباد(دھرتی نیوز)پہلگام میں ہونے والے حملے کی مذمت کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جمیلہ خاتون مرکزی جوائنٹ سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر خواتین ونگ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا ہوئے کہا کہ انڈین میڈیا کا پاکستان کیخلاف پروپیگنڈا من گھڑت اور جھوٹا ہے، فالس فلیگ کا ڈرامہ رچانا انڈین روایت ہے۔ بدقسمتی سے انڈیا کی جانب سے اپنے حملوں کے لیے پاکستان پر انگلیاں اٹھانا ایک عام روش ہے۔ جب کوئی ایسا واقعہ ہوتا ہے تو بجائے تحقیقات کے انڈیا پاکستان پر الزام دھر دیتا (بقیہ 39 صفحہ 03)



لاہور، پیکا ایکٹ کے تحت 24 گھنٹوں میں 23 مقدمات درج

ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف پولیس کا کریک ڈاؤن

لاہور(صباح نیوز) لاہور پولیس نے ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت 24 گھنٹوں میں 23 مقدمات درج کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق اہم سیاسی و سرکاری شخصیات سے متعلق جعلی ویڈیوز بنانے یا اپلوڈ کرنے کے معاملے میں ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایت پر سوشل میڈیا پر جعلی ویڈیوز اپلوڈ کرنے والوں کیخلاف پولیس کا (بقیہ 49 صفحہ 03)

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بھیکھ کی عمارت تعمیر کرنے پر زور

عوام کو دھرنا دینے اور سڑکوں پر نکلنے پر ہرگز مجبور نہ کیا جائے، وفد کی گفتگو

سکول(نمائندہ خصوصی) گاؤں بھیکھ سے تعلق رکھنے والے عوام علاقہ کے نمائندہ وفد جن کی قیادت معروف سیاسی وسماجی رہنما سردار قمر رشید ایڈووکیٹ کر رہے تھے جبکہ سردار محمد منیر خان، صوفی مظفر حسین، عبید اختر، روشن سدوزئی، سردار طارق حیات، سردار محمد سلیم خان و دیگر وفد میں شامل تھے نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بھیکھ کی (بقیہ 48 صفحہ 03)

آزاد کشمیر پولیس ہمارے ماتھے کا جھومر ہے، راشد یعقوب

نو ترقیاب ڈی ایس پیز آزاد کشمیر کے اعزاز میں عشائیہ سے خطاب

اسلام آباد/ راولاکوٹ (دھرتی نیوز)اسلام آباد کلب میں آزاد کشمیر پولیس کے ماتھے کا جھومر اور پولیس کی شان ڈی ایس پیز کے عہدے پر ترقی پانے والے سید اشتیاق گیلانی سہیل یوسف چوہدری شہزاد اکمل شریف کے اعزاز میں اسلام آباد کلب میں پاکستان ٹیلی ویژن نیوز اسلام آباد کے اینکر راشد یعقوب خان کی طرف سے شاندار عشائیہ اور تقریب کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر نامور شخصیات نے (بقیہ 47 صفحہ 03)

پہلگام واقعہ کی آڑ میں بھارتی سازشیں قبول نہیں، ابرار حقانی

عالمی طاقتوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پہلگام مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردوں کے ہاتھوں 28 سیاحوں کے قتل کر دیا گیا ہے۔اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ اس واقعہ کے فوری بعد بھارت نے ایک دفعہ پھر اس کا الزام پاکستان پر لگا کر عالمی دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کر رہا ہے۔ جس کو (بقیہ 46 صفحہ 03)

بھمبر، مختلف پیٹرول پمپس پر کوالٹی، حفاظتی اقدامات کا جائزہ

پٹرولیم مصنوعات اور گھریلو سلنڈر کے متعلقہ شکایت درج کروانے کا مطالبہ

بھمبر(پی آئی ڈی) ناظم صنعت وتجارت چیف انسپکٹر آتش گیر مادہ امجد علی ملک، معاون ناظم صنعت وتجارت راجہ کاشف لطیف خان، محمد اصغر سپرنٹنڈنٹ، انسپکٹر اوزان و پیمائش، لیبر ویلفیئر اعجاز احمد نے کھڑی شریف، جاتلاں، بھمبر سٹی، برنالہ اور کوٹ جیمل میں پٹرول پمپس کی کوالٹی اور مقدار کا موبائل یونٹ سے جائزہ لیا۔ اس موقع پر ناپ تول پر کمی بیشی کرنے والوں پر جرمانہ کیے گئے(بقیہ 45 صفحہ 03)

امیر جماعت اسلامی محمود الحسن کے تعزیتی ریفرنس کا شیڈول

پروگرام 2 مئی کو راولاکوٹ کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوگا، مسعود اقبال

راولاکوٹ (دھرتی نیوز)جماعت اسلامی ضلع پونچھ کے سیکرٹری جنرل خواجہ مسعود اقبال کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق، جماعت اسلامی ضلع پونچھ کے زیر اہتمام ممتاز ماہر معاشیات، سابق سینیٹر اور سابق نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان پروفیسر خورشید احمد اور نائب (بقیہ 44 صفحہ 03)

پہلگام ڈرامہ بھارت کا اپنا رچایا ہوا ہے، اشفاق ظفر

پاکستان کے خلاف بغیر کسی ثبوت کے منفی پروپیگنڈا قابل مذمت ہے

چناری (خصوصی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی سینئر نائب صدر، سابق وزیر معائنہ و عملدرآمد کمیشن صاحبزادہ محمد اشفاق ظفر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے علاقہ پہلگام میں حملہ، بھارتی شہریوں کی ہلاکتیں، بھارتی حکومت، نریندر مودی اور امت شاہ کا خود کا رچایا گیا کھیل ہے تاکہ پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگا کر پاکستان کو بدنام کیا جائے، بین الاقوامی (بقیہ 43 صفحہ 03)

بھارت کا پاکستان مخالف بیانیہ قبول نہیں، وہشت گرد حملہ قابل مذمت ہے، ظاہر لطیف سلہریا

چناری (خصوصی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی رہنما ظاہر لطیف سلہریا نے مقبوضہ کشمیر کے پہلگام قصبے میں ایک حملے میں سیاحوں کی ہلاکت پر پاکستان کیخلاف بھارتی پروپیگنڈا کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے من گھڑت واقعہ قرار دے دیا۔ صحافیوں (بقیہ 42 صفحہ 03)

وقف ترمیمی ایکٹ کے خلاف مقبوضہ کشمیر میں کل ہڑتال ہوگی، مارچ بھی کیا جائے گا، اعلان

سری نگر(کے پی آئی)جموں وکشمیر میں متنازعہ وقف ترمیمی قانون اور بڑی تعداد میں غیر مقامی لوگوں کو ڈومیسائل سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے خلاف کل بروز جمعہ مکمل ہڑتال کی جائے گی۔مودی حکومت کے مذموم منصوبوں کیخلاف جمعہ کو جامع مسجد سرینگر اور درگاہ حضرت بل کی طرف مارچ (بقیہ 41 صفحہ 03)

سپریم کورٹ میں ایف سی اہلکار کی ملازمت بحالی کے لئے دائر اپیل خارج

اسلام آباد(صباح نیوز) قائمقام چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس سید منصور علی شاہ نے دہشت گردوں سے روابط کی بنیاد پر ملازمت سے برخاست کیے گئے ایف سی اہلکار کی ملازمت بحالی کے لئے دائر اپیل ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کردی۔ جبکہ جسٹس سید (بقیہ 40 صفحہ 03)

مظفر آباد: سیکرٹری لائیو سٹاک آبپاشی و سمال ڈیمز امتیاز احمد کے ہمراہ ٹیکنیکل سیلز آفیسر خالد عزیز و دیگر کا گروپ فوٹو

سنگولہ زلزلہ کو 19 سال گزرنے کے باوجود متعدد تعلیمی اداروں کی عدم تعمیر

زیر تعلیم طلبہ وطالبات طویل عرصہ سے کھلے آسمان تلے موسمی سختیوں میں درس وتدریس جاری رکھنے پر مجبور ہیں

تعلیمی اداروں کی تعمیر کے اقدامات کئے جائیں، دھرنے دینے اور ہڑتالیں کرنے پر مجبور نہ کیا جائے، معززین کا اجلاس

سنگولہ (محمد تنویر اعوان سے) سال 2005ء کے جاں گسل زلزلہ کو طویل عرصہ انیس سال گزر گئے ہیں باوجود اس کے زلزلہ میں بری طرح متاثر ہونے والے سرکاری تعلیمی اداروں کی تعمیر کے اقدامات نہ کئے گئے۔ تعلیمی اداروں کی عدم تعمیر کے باعث زیر تعلیم طلبہ وطالبات طویل عرصہ سے کھلے آسمان تلے درس وتدریس جاری رکھنے پر مجبور ہیں جبکہ اساتذہ کو بھی اپنے فرائض سرانجام دینے میں دشواریوں کا سامنا ہے۔ گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول ہمہ ناڑی (بقیہ 50 صفحہ 03)

راولاکوٹ میں جماعت اسلامی شعبہ خواتین کے زیر اہتمام ”غزہ مارچ“

مارچ کا مقصد مظلوم فلسطینی عوام، خصوصاً غزہ میں متاثرہ مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی، ظلم کیخلاف آواز بلند کرنا تھا

فلسطین کا مسئلہ محض ایک خطے کا نہیں بلکہ امت مسلمہ کا مشترکہ درد ہے، مشترکہ کردار انتہائی ناگزیر ہو چکا ہے، مقررین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جماعت اسلامی شعبہ خواتین راولاکوٹ کے زیر اہتمام گزشتہ روز غزہ مارچ کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہر کے مختلف پرائیویٹ اسکولوں کی طالبات نے بھرپور شرکت کی تقریب سے عدنان رزاق امیر جماعت اسلامی حلقہ نمبر 4 تنویر اعظم، سمیعہ الیاس نائب قیمہ جماعت اسلامی شعبہ خواتین، ریحانہ یاسمین رکن جماعت، جویریہ مسعود ناظمہ ضلع پونچھ اسلامی جمعیت طالبات سے لاریب ارشاد، [illegible]، ماورا، ذکیہ رزاق، نے تقریب (بقیہ 51 صفحہ 03)

کسی بھی بھارتی جارحیت یا سازشوں کا منہ توڑ جواب دیں گے، نذیر خان

جنگ کبھی کسی ملک کے حق میں نہیں رہتی، اسکے بھیانک نتائج نکلتے ہیں لیکن اگر مسلط کی گئی تو ہر طرح کا جواب دیں گے، بیان

مرکزی نائب صدر و ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ آج غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کا دورہ کرینگے، شیڈول جاری

ہورنہ میرہ(دھرتی نیوز) جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے مرکزی نائب صدر و ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ نے بھارت کی جانب سے آزاد کشمیر پر حملے کی دھمکیوں اور گزشتہ روز پاکستان کے خلاف اٹھائے جانے والے اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان اور مودی اپنی سابقہ روش سے باز نہیں آ رہے، اپنی ناکامیوں کو چھپانے اور اپنی عوام کو بے وقوف بنانے کیلئے ہر بار جنگی جنون میں جارحانہ اقدامات پورے (بقیہ 52 صفحہ 03)

مظفرآباد: وزیرحکومت سردار محمد جاوید ایوب و جاوید اقبال بدھانوی حلقہ کوٹلہ روڈ کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

IQRA INTERNATIONAL SCHOOL & COLLEGE
AFFILIATED WITH FBISE

تعلیم وتربیت اور کامیابی کا سفر اقراء انٹرنیشنل سکول اینڈ کالج کے ساتھ شروع کریں!
فرسٹ ائیر میں (صرف طالبات) کے لیے محدود نشستوں پر داخلے جاری ہیں

کلاسز کا باقاعدہ آغاز 12 مئی 2025 سے ہو رہا ہے! ابھی داخلہ لیں اور اپنے روشن مستقبل کی شروعات کریں!

TEST SCHEDULE
FIRST TEST April 28, 2025
SECOND TEST April 29, 2025
THIRD TEST April 30, 2025
TEST TIME: 9:00 am
NO REGISTRATION FEE
ACHIEVE EXCELLENCE WIN REWARDS
1st Prize: 50,000
2nd Prize: 30,000
3rd Prize: 20,000
iisc.rkt5678@gmail.com 05824-445135 0301-5558422 www.iisc.edu.pk

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
روزنامہ کشمیر دھرتی
HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی (این ایس سی) کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تینوں سروسز چیفس، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف، وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کے علاوہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، وزیراعظم کے پرنسپل سیکریٹری توقیر شاہ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے امور خارجہ طارق فاطمی نے شرکت کی۔ قومی سلامتی کمیٹی نے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے اقدام کو مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کا پانی روکنا اعلان جنگ تصور کیا جائے گا، کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ پاکستان نے شملہ سمیت تمام دوطرفہ معاہدوں کی معطلی کا عندیہ دیتے ہوئے بھارت کیلئے فضائی حدود، سرحدی آمدورفت اور ہر قسم کی تجارت بند کرنے کا اعلان کردیا ہے جبکہ بھارتی ہائی کمیشن میں سفارتی عملے کو 30 ارکان تک محدود کرنے کے علاوہ بھارتی دفاعی، بحری اور فضائی مشیروں کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے کر پاکستان چھوڑنے کا حکم دیا ہے، پاکستان نے سکھ یاتریوں کے علاوہ تمام بھارتی شہریوں کے ویزے منسوخ کرکے انہیں 48 گھنٹے میں ملک چھوڑنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق پہلگام واقعے کے بعد بھارت کے یک طرفہ جارحانہ اقدامات کے خلاف وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اعلامیے کے مطابق قومی سلامتی کمیٹی کے شرکا نے 22 اپریل 2025 کو بھارت کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں پہلگام حملے کے تناظر میں خاص طور پر قومی سلامتی کی صورتحال اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ کمیٹی نے سیاحوں کی جانوں کے ضیاع پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے 23 اپریل 2025 کو اعلان کردہ بھارتی اقدامات کا جائزہ لیا اور انہیں یکطرفہ، غیر منصفانہ، سیاسی محرکات پر مبنی، انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور قانونی میرٹ سے عاری قرار دیا۔ قومی سلامتی کمیٹی نے قرار دیا کہ کشمیر

بہترین وقت ہے۔ مقبوضہ کشمیر آزاد کشمیر گلگت بلتستان اور پاکستان کے عوام منتظر ہیں کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کے بعد کیا فیصلہ ہوتا ہے۔ آزاد کشمیر کے اندر قومی اتفاق رائے وقت کی ضرورت ساری سیاسی جماعتیں اس معاملے پر متحد ہوکر پیغام دیں۔ ہندوستان کو آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے تکلیف ہے ان کا سارا اسٹیبلشمنٹ ان کے خلاف مہم چلا رہا ہے

بقیہ 3

مقابلہ کریں۔ بھارت نے تحریک آزادی کشمیر کو دبانے، سندھ طاس معاہدے سے راہ فرار اختیار کرنے اور پاکستان کیلئے ایک نیا محاذ کھولنے کیلئے یہ ڈھونگ رچایا ہے۔ کشمیری اپنی روایات کے خلاف معصوموں پر حملہ آور نہیں ہوسکتے۔ بھارتی خفیہ ایجنسیوں نے سیاحوں پر حملہ کروایا۔ کشمیری عوام پچھلے 77 سال سے انڈیا کے جھوٹے پروپیگنڈے اور ظلم و ستم کا ڈٹ کر مقابلہ کررہے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس نے بھارتی پروپیگنڈے کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے پاکستان کے موقف کی تائید کی۔ سپیکر چوہدری لطیف اکبر کی زیر صدارت قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں بھارتی فالس فلیگ آپریشن اور بھارت کے اوچھے ہتھکنڈوں پر پیش کردہ قراردادوں پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پیر مظہر سعید شاہ نے پہلگام واقعے کو انڈیا کی فلاپ فلم قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ بھارت کی پرانی روایت رہی ہے لیکن اب دنیا سمجھ گئی ہے، اب یہ ڈرامہ نہیں چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کے صدر بل کلنٹن کے دورے کے موقع پر بھی اسی قسم کے خودساختہ آپریشن کو ابھی دنیا نہیں بھولی نہ کشمیری قوم بھولی ہے جس میں خود انڈین خفیہ ایجنسی ملوث تھی۔ 2011 کے بھارتی انتخابات سے قبل بھی ہم نے بھارت کے مکر کو دیکھا ہے۔ اس سے قبل پلوامہ، ممبئی حملے اور راجوری کے واقعے کی بھی دنیا گواہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی کم ظرف ہے جس نے ماضی میں گجرات میں مسلمانوں کا قتل عام کیا اور الزام وزیر پر لگا کر اسے بھی قتل کرایا۔ ہم دنیا کو یہ باور کروانا چاہتے ہیں کہ انڈیا کی کسی بھی جارحیت کا 24 کروڑ عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ منہ توڑ جواب دیں گے۔ انہوں نے کہا